مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرہ کتب

مسائل حج پشتو | تالیف: شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید صاحب مجددی —— ضخامت: ۴۸ صفحات، قیمت درج نہیں
ناشر: مفتی رشید احمد، مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (پشاور)

شیخ الحدیث حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد فرید صاحب دارالعلوم حقانیہ کے مفتی اعظم، فقیہہ العصر، محدث اور صاحب دل بزرگ اور کامیاب استاذ ہیں۔ دورۂ حدیث کی اہم کتب بخاری شریف اور ترمذی شریف کی تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ ملک بھر سے آئے ہوئے فتاوی اور مسائل کے جوابات اور تخصص فی الفقہ کے طلباء کی سرپرستی، طالبان سلوک کی تربیت کے علاوہ باری تعالیٰ نے آپ کو تصنیف وتالیف کے حسن ذوق کی سعادتوں سے بھی نوازا ہے۔ ہدیۃ القاری شرح عربی صحیح البخاری، منہاج السنن ۳ جلد آپ کی گرانقدر علمی تصنیفات ہیں —— پیش نظر کتابچہ میں ایسے اہم اور ضروری مسائل درج کردیئے گئے ہیں جو علی العموم حاجیوں کو کثرت سے پیش آتے ہیں اور لاعلمی کی وجہ سے اس میں کثرت سے عملی غلطیاں واقع ہوتی ہیں۔ رسالہ کی فصل اول میں ان مصطلح الفاظ کی توضیح کی گئی ہے جو امور حج میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ فصل دوم میں عمرہ کا شرعی حکم، مسائل، فصل سوم میں ایسے لوگوں کا ذکر جن پر حج فرض ہوجاتا ہے۔ آگے کی فصلوں میں حج کے بے روانگی کے احکام، مکہ معظمہ میں دخول، طواف اور سعی کے مسائل، تمتع، اس کی تعریف وتوضیح اور ذکر مسائل مدینہ منورہ سے واپسی کی تفصیلات اور مسائل، حج کے احکام، زیادہ تر پیش آنے والے جنایات کا تذکرہ، احکام ومسائل اور آخر پر هدیۃ السلفیہ کے نام سے متشدد وظاہر پرستوں کے غلو وتجاوزات کا تذکرہ اور ان کا علمی جواب دیا گیا ہے۔ کتابچہ مختصر مگر جامع، نافع اور ہر لحاظ سے مفید ہے۔ اگر برادرم مفتی رشید احمد صاحب اس کے اردو ترجمہ کا اہتمام کریں تو اس کا نفع وربھی عام ہوگا۔ یقین ہے کہ شائقین وزائرین بیت اللہ اور باذوق علمی حلقے اس کی قدر کریں گے۔

حکایات الاسلاف عن روایات الاخلاق | تالیف: جناب اعجاز احمد خان سنگھانوی —— ضخامت: ۳۱۲ صفحات
قیمت درج نہیں —— ناشر: کتب خانہ انور شاہ ۴۸۲/بی حضرت عثمان غنی روڈ، کورنگی ٹاؤن شپ کراچی ۳۱

قرآن کریم نے اس بات پر بہت زور دیا ہے کہ دین الٰہیہ کو سمجھنے کے لیے کتاب اللہ کے ساتھ رجال اللہ کی ضرورت ہے۔ لہٰذا دین کی مکمل تشریح اکابر واسلاف کے اصل حالات، ان کی دینی اور تبلیغی مساعی، ان کی تعلیم وتربیت